Prepp
Your Personal Exams Guide

# UGC NET PAPER 3 NOVEMBER 05, 2017 SHIFT 1 URDU QUESTION PAPER

**Note :** This paper contains **seventy five** (75) objective type questions of **two** (2) marks each. **All** questions are **compulsory**.

نوٹ : اس پرچہ میں پچھتر (75) معروضی سوالات ہیں جن میں ہر ایک کے لئے دو (2) مارکس مختص ہیں۔ تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔

.1 شعور کی رو کی ٹیکنک کے کچھ اجزا دیے گئے ہیں۔ انھیں غور سے پڑھیے اور صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

(الف) براہ راست اندورنی خودکلامی    (ب) بالواسطہ اندرونی خودکلامی

(ج) آزاد تلازمۂ خیال    (د) فلیش بیک

زمرہ :

(1) الف، ب، ج    (2) ب، ج، د    (3) الف، ج، د    (4) الف، ب، د

.2 زمانے کے انداز بدلے گئے    نیا راگ ہے ساز بدلے گئے

ہوا اس طرح فاش راز فرنگ    کہ حیرت میں ہے شیشہ باز فرنگ

یہ اشعار کس صنف شاعری سے تعلق رکھتے ہیں ؟

(1) قصیدہ    (2) مثنوی    (3) رباعی    (4) غزل

.3 خواجہ احمد عباس کے افسانوی مجموعہ ''دیا جلے ساری رات'' میں کل کتنے افسانے شامل ہیں ؟

(1) آٹھ    (2) گیارہ    (3) دس    (4) نو

.4 ''شیشے کا گھر'' کس کا افسانوی مجموعہ ہے ؟

(1) جیلانی بانو    (2) منٹو    (3) قرۃ العین حیدر    (4) انتظار حسین

.5 بیرن ہمری ناؤ پڑی بیچ سمندر دھار

کھیون ہارو چل بسے اب پار کرو کرتار

اس گیت کے بول کو قرۃ العین حیدر نے اپنے کس ناول میں استعمال کیا ہے ؟

(1) میرے بھی صنم خانے    (2) سفینۂ غم دل    (3) چاندنی بیگم    (4) آخر شب کے ہمسفر

.6 مثنوی ''گلزار نسیم'' کا اصل فارسی قصہ کس کا لکھا ہوا ہے ؟

(1) مولوی شمس الدین    (2) تعشق دہلوی    (3) عزت اللہ بنگالی    (4) نہال چند لاہوری

7. ''لینن'' کے عنوان سے اقبال کے علاوہ کس دوسرے شاعر نے نظم لکھی ؟

(1) مجاز (2) جوش (3) فیض (4) سردار جعفری

8. ایک ایک لفظ اور ایک ایک مصرعہ پر بحث کر کے اس کا تجزیہ کرنا اور اصل متن کا تعین کرنا کس تنقید کا کام ہے ؟

(1) سائنٹفک تنقید (2) ساختیاتی تنقید (3) متنی تنقید (4) اسلوبیاتی تنقید

9. ''زمزمۂ قیصری'' کس کی نظم ہے ؟

(1) میراجی (2) حالی (3) محمد حسین آزاد (4) سرور جہاں آبادی

10. ''گاتی کا دوپٹہ، چمک میں برق ہے، کلاہ زریں بالائے فرق ہے۔''

اس عبارت میں ''بالائے فرق'' کے کیا معنی ہیں ؟

(1) ہتھیلی پر (2) سر پر (3) آسمان پر (4) کھونٹی پر

11. شور میدانوں میں تھا کہ دلیرو نکلو

نیزہ بازی کرو، واروں کو پھیرو نکلو

نہر قابو میں ہے، اب پیاسوں کو گھیرو، نکلو

نمازیوں! صف سے بڑھو، غول سے شیرو، نکلو

رستمو! داد وغا دو کہ یہ دن داد کا ہے

سامنا حیدر کرار کی اولاد کا ہے

یہ بند کس کے مرثیہ کا ہے ؟

(1) مرزا دبیر (2) میر انیس (3) مرزا سودا (4) میر ضاحک

12. ''دریائے لطافت'' کس فن کی کتاب ہے ؟

(1) داستان (2) واسوخت (3) غزل (4) قواعد وزبان

13. ''میں آٹھویں رجب ۱۲۱۲ھ میں روبکاری کے واسطے یہاں بھیجا گیا ۔۔۔۔ ۷ار رجب ۱۲۲۵ھ کو میرے واسطے حکم حبس دوام صادر ہوا۔''

یہ جملے غالب نے اپنے خط میں کس کو لکھے تھے ؟

(1) میر مہدی مجروح (2) مرزا تفتہ

(3) نواب علاء الدین خان علائی (4) نیر رخشاں

14. کس قدر ہرزہ سرا ہوں کہ عیاذاً باللہ
یک قلم خارجِ آدابِ وقار تمکیں
یہ شعر قصیدۂ غالب کے کس جزو سے متعلق ہے ؟

(1) دعا (2) مدح (3) گریز (4) تشبیب

15. ''پتنگ ایسا بنا، ایسا لڑا کہ نزدیک و دور مشہور ہے، ستر پچھتر تار ڈور، اس کا پتنگ خیراتی یا پھنگے کے ہاتھ کا، لڑائی کی گھات کا، رستم کی عافیت تنگ کرنے والا، منحنی ہاتھ پاؤں پر مولوی عمدو نے ایسا لڑایا، عمداً اتنا بڑھایا کہ کرو بیوں سے اس میں عبادت چھوٹی، دوڑ دوڑ کر ڈور لوٹی، آنکھ بچا کر پیٹا توڑا، فرشتے خاں کا پتنگ نہ چھوڑا۔''
یہ عبارت کس داستان کی ہے ؟

(1) سب رس (2) رانی کیتکی کی کہانی (3) باغ و بہار (4) فسانۂ عجائب

16. خرابہ دلّی کا وہ چند بہتر لکھنؤ سے تھا
وہیں میں کاش مر جاتا سراسیمہ نہ آتا یاں
یہ شعر کس کا ہے ؟

(1) مصحفی (2) میر حسن (3) میر تقی میر (4) انشا

17. ''کتا'' کس کا انشائیہ ہے ؟

(1) کنھیا لال کپور (2) خواجہ حسن نظامی (3) پطرس بخاری (4) رشید احمد صدیقی

18. ناول ''امراؤ جان ادا'' میں نان شبینہ کا محتاج کون ہے ؟

(1) کاظم علی (2) میر اولاد علی (3) پیارے صاحب (4) مولوی صاحب

19. ''عقل نور ہے۔ عقل کی دوڑ بہوت دور ہے، عقل ہے تو آدمی کہواتے، عقل ہے تو خدا کوں پاتے۔ عقل اچھے تو تمیز کرے، بُرا اور بھلا جانے، عقل اچھے تو اپس کوں ہور دوسرے کوں پچھانے، عقل نے میر، عقل نے پیر، عقل نے بادشاہ، عقل نے فقیر''
یہ عبارت کس کی لکھی ہوئی ہے ؟

(1) قلی قطب شاہ (2) ملّا وجہی (3) غواصی (4) نظامی بیدری

20. ''بڈھا سود خور'' کس کا افسانہ ہے ؟

(1) حیات اللہ انصاری (2) پریم چند (3) علی عباس حسینی (4) عصمت چغتائی

www.prepp.in
Prepp Your Personal Exams Guide

21. ”ہے چرخ جب سے ابلق ایام پر سوار“ کس کا قصیدہ ہے ؟

(1) مومن (2) سودا (3) ذوق (4) غالب

22. جیلانی بانو کے کردار ”اذو“ کا اصلی نام کیا ہے ؟

(1) آدم داؤد (2) آدم شیخ (3) آدم علی خان (4) آدم علی کشمیری

23. قرۃ العین حیدر نے اپنے ناولوں کے عنوانات شعرا کے کلام سے اخذ کیا ہے۔ اسے غور سے پڑھیے اور صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

(الف) سفینۂ غم دل - فیض احمد فیض

(ب) آخر شب کے ہمسفر - علامہ اقبال

(ج) گردشِ رنگ چمن - مرزا غالب

(د) آگ کا دریا - جگر مرادآبادی

زمرہ :

(1) الف، ب، ج، د (2) ب، ج، د (3) الف، ج، د (4) الف، ب، ج

24. ذیل میں سے کون سا نقاد تاثراتی تنقید میں شامل نہیں ہے ؟

(1) فرق گورکھپوری (2) مہدی افادی (3) محمد حسن عسکری (4) آل احمد سرور

25. ”انقلاب کی اس خونی تصویر میں رومانیت جھلکتی ہے۔ یہ ایک طرح کی ادبی دہشت گردی ہے۔ یہ ایک ذہنی اور جذباتی بلوہ ہے جو ایک درمیانی طبقہ کے انقلاب پرست نوجوان کے لیے ابتدا میں شاید جائز ہو تو ہو، جس سے ایک اشترا کی شاعر کو دور رہنا چاہئے“

نوجوان ترقی پسند شاعروں کی منفی شاعری پر یہ کس کی تنقید ہے ؟

(1) فیض احمد فیض (2) سردار جعفری (3) احتشام حسین (4) سجاد ظہیر

26. ”اگر چہ شاعری کی حیثیت سے انھوں نے شراب کی جا بجا تعریف کی ہے، مگر اعتقاداً اس کو بہت برا جانتے تھے اور اپنے فعل پر سخت نادم تھے، باوجود اس کے انھوں نے کبھی اپنے اس فعل کو چھپایا نہیں۔“ یہ عبارت کس کتاب سے ماخوذ ہے ؟

(1) یادگارِ غالب (2) حیات جاوید (3) غبار خاطر (4) خطوط غالب

27. قاضی عبدالودود نے تحقیق کی کیا تعریف کی ہے ؟

(1) حقائق کی بازیافت تحقیق کا مقصد ہے

(2) تحقیق سچائی کی تلاش ہے

(3) تحقیق کسی امر کو اس کی اصل شکل میں دیکھنے کی کوشش ہے

(4) تحقیق دراصل تلاش و جستجو کے ذریعے حقایق کو معلوم کرنے اور ان کی تصدیق کا نام ہے۔

28. ''تنقیدِ شعر العجم'' کس کی تصنیف ہے ؟

(1) شبلی نعمانی (2) سید سلیمان ندوی (3) قاضی عبدالودود (4) محمود شیرانی

29. ''موم کی مریم'' کس کا افسانہ ہے ؟

(1) عصمت چغتائی (2) خواجہ احمد عباس (3) کرشن چندر (4) جیلانی بانو

30. ''شبنم'' کس کا ناول ہے ؟

(1) جیلانی بانو (2) عصمت چغتائی (3) عزیز احمد (4) قرۃ العین حیدر

31. دعویٰ : پریم چند اردو کے سب سے بڑے ناول نگار ہیں۔

دلیل : انھوں نے اردو ادب کو گئودان جیسا شاہکار ناول دیا۔

(1) دعویٰ غلط ہے مگر دلیل صحیح ہے (2) دعویٰ بھی غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے

(3) دعویٰ صحیح ہے مگر دلیل غلط ہے (4) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے

32. ''امریکی بنجارہ نامہ'' کس کی نظم ہے ؟

(1) اختر الایمان (2) جوش ملیح آبادی (3) میرا جی (4) فراق گورکھپوری

33. '' نظم اور کلام موزوں کے باب میں چند خیالات''

اس عنوان کا لکچر محمد حسین آزاد نے کس سنہ میں دیا تھا ؟

(1) 1868ء (2) 1865ء (3) 1867ء (4) 1870ء

34. ''یہ کوئی نہ سمجھے کہ میں اپنی بے رونقی اور تباہی کے غم میں مرتا ہوں، جو کچھ دکھ مجھ کو ہے اُس کا بیان تو معلوم! مگر اس بیان کی طرف اشارہ کرتا ہوں۔''

یہ عبارت مرزا غالب کے کس خط سے ماخوذ ہے ؟

(1) میر مہدی مجروح کے نام (2) ہرگوپال تفتہ کے نام (3) میاں دادخان سیاح کے نام (4) نواب یوسف مرزا کے نام

35. دریغ آمدم زاں ہمہ بوستاں

تہی دست رفتن سوے دوستاں

اس فارسی شعر سے اقبال نے اپنی کس نظم کا آغاز کیا ہے ؟

(1) مسجد قرطبہ (2) خضر راہ (3) ذوق وشوق (4) ساقی نامہ

36. وہ کون سا شاعر ہے جس کے کلام میں ہندوستانی ضمیات کا سب سے زیادہ اثر ہے ؟

(1) حسرت (2) فانی (3) جذبی (4) فراق

Prepp
Your Personal Exams Guide

37. اندرسبھا امانت میں کتنے دیو ہیں ؟

(1) تین (2) دو (3) ایک (4) چار

38. افسانہ ''ہم وحشی ہیں'' کا موضوع کیا ہے ؟

(1) ذات پات کے مسائل (2) حاکمِ وقت کے خلاف احتجاج
(3) طوائف (4) فسادات

39. کتاب ''غبارِ خاطر'' پہلی بار کس سنہ میں شائع ہوئی ؟

(1) 1945ء (2) 1946ء (3) 1944ء (4) 1942ء

40. شعر میں کسی شخص کا ذکر اس کی صفات کے ساتھ کیا جائے، صفات خواہ خوبی ہو یا برائی، کس صنعت میں آتا ہے ؟

(1) ترصیع (2) تلمیح (3) تجنیس محرف (4) تنسیق الصفات

41. تا کہ ہو آساں پیکارِ حیات
کر رہا ہوں فاش اسرارِ حیات

کس کا شعر ہے ؟

(1) علی سردار جعفری (2) اقبال (3) مجاز (4) جاں نثار اختر

42. ذیل میں سے کون سا نقاد نفسیاتی تنقید کے لیے نہیں جانا جاتا ہے ؟

(1) وحید الدین سلیم (2) وزیر آغا (3) ریاض احمد (4) مہدی افادی

43. افسانوی مجموعہ ''میں کون ہوں'' کا مصنف کون ہے ؟

(1) کرشن چندر (2) سعادت حسن منٹو (3) خواجہ احمد عباس (4) جیلانی بانو

44. قافیہ کے لغوی معنی کیا ہیں ؟

(1) شعر کا حسن (2) پیچھے چلنے والا (3) آگے چلنے والا (4) شعر کا وزن

45. طاعت میں تا رہے نہ مے و انگبیں کی لاگ
دوزخ میں ڈال دے کوئی لے کر بہشت میں

''انگبیں'' کے کیا معنی ہیں ؟

(1) خود احتسابی (2) اندرون بینی (3) عمدہ قسم کی شراب (4) شہد

Prepp
Your Personal Exams Guide

.46 کون پرس جونا گرے پاؤ تھیں کون رکھ جوناڈ لے باؤ تھیں

یہ شعر کس کا ہے ؟

(1) نصرتی (2) ہاشمی (3) نظامی (4) شوقی

.47 آج پھر حُسن دلآرا کی وہی دھج ہوگی

وہی خوابیدہ سی آنکھیں وہی کاجل کی لکیر

رنگ رخسار پہ ہلکا سا وہ غازے کا غبار

صندلی ہاتھ پہ دھندلی سی حنا کی تحریر

درج بالا شعری ٹکڑا فیض کی کس نظم سے ماخوذ ہے ؟

(1) تنہائی (2) موضوعِ سخن

(3) بول (4) مجھ سے پہلی سی محبت میرے محبوب نہ مانگ

.48 ''دیکھنا وہ لالٹینیں جگمگانے لگیں۔ اٹھو اٹھو استقبال کر کے لاؤ، اس مشاعرے میں وہ بزرگ آئے ہیں جن کے دیدار ہماری آنکھوں کا سُرمہ ہوئے۔''

یہ اقتباس ''آبِ حیات'' کے کس دور کا آغاز ہے ؟

(1) دوسرے (2) چوتھے (3) پہلے (4) پانچویں

.49 زبان کے نحوی نظام کے مطالعے میں کس کو شامل نہیں کیا جاتا ؟

(1) ترکیب (2) جزو (3) جزو متصل (4) تصریف

.50 ''فسانۂ عجائب'' میں شامیانے کے تلے مسندِ جواہر نگار پر، کس کو بٹھایا جاتا ہے ؟

(1) شہزادہ (2) جانِ عالم (3) مہر نگار (4) ملکہ

.51 ہندوستانی لسانیات کے مصنف کون ہیں ؟

(1) محی الدین قادری زور (2) شوکت سبزواری (3) مسعود حسین خان (4) نصیر الدین ہاشمی

.52 ''دنیا دار المکافات'' کس کی نظم ہے ؟

(1) الطاف حسین حالی (2) اسماعیل میرٹھی (3) نظیر اکبرآبادی (4) محمد حسین آزاد

.53 ''ہر کسی سے اس کی لیاقت کے مطابق اور ہر کسی کو اس کی ضرورت کے مطابق۔'' اس اصول کا تعلق تنقید کے کس دبستان سے ہے ؟

(1) سائنٹفک تنقید (2) مارکسی تنقید (3) نفسیاتی تنقید (4) ترقی پسند تنقید

Prepp
Your Personal Exams Guide

.54 ''ابہام شاعری کی سب سے بڑی خوبی اور تنقید کی سب سے بڑی لعنت ہے کیوں کہ شاعری میں تو ابہام نئے نئے معنی کے دروازے کھولتا ہے اور تنقید میں ابہام کے باعث نفسِ مطلب کا دم گھٹ جاتا ہے۔'' یہ رائے کس ناقد کی ہے ؟

(1) کلیم الدین احمد (2) محمد حسن (3) شمس الرحمٰن فاروقی (4) احتشام حسین

.55 ''گردِ کارواں'' کس کی کتاب ہے ؟

(1) پطرس بخاری (2) کنھیا لال کپور (3) رشید احمد صدیقی (4) فکر تونسوی

.56 وکی میاں قرۃ العین حیدر کے کس ناول کا کردار ہے ؟

(1) سفینۂ غمِ دل (2) گردشِ رنگ چمن (3) میرے بھی صنم خانے (4) چاندنی بیگم

.57 صنفی لحاظ سے کون سا زمرہ درست ہے ؟

(1) مالن، پہلی مفارقت، ایران میں اجنبی، عہدِ وفا (2) گُلِ تر، ایک خواب اور، سڑک کے کنارے، لمبی لڑکی

(3) گونگی جورو، خاکِ پروانہ، کاغذی ناؤ، عروسِ کربلا (4) شہیدِ وفا، شخصیتیں، جامن والیاں، ہمارا گاؤں

.58 ''تضحیکِ روزگار'' کیا ہے ؟

(1) مثنوی (2) قصیدہ (3) داستان (4) ناول

.59 ''نادراتِ شاہی'' کو کس نے مرتب کیا ؟

(1) مولوی عبدالحق (2) امتیاز علی خان عرشی (3) رشید حسن خان (4) محی الدین قادری

.60 زین العابدین کس کا افسانہ ہے ؟

(1) خواجہ احمد عباس (2) حیات اللہ انصاری (3) راجندر سنگھ بیدی (4) کرشن چندر

.61 یاں لب پہ لاکھ لاکھ سخن اضطراب میں
واں ایک خامشی تری سب کے جواب میں

درج بالا شعر پر کس شعری اصطلاح کا انطباق ہوتا ہے ؟

(1) مقفّیٰ (2) مسجّع (3) مردّف (4) ایطائے خفی

.62 کلیم الدین احمد کی تصنیف ''اپنی تلاش میں'' کیا ہے ؟

(1) سفرنامہ (2) انشائیوں کا مجموعہ (3) خطوط کا مجموعہ (4) خودنوشت

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide

63. چل چکی ہے پیشوائی کو نسیم باغ مصر!

ذیل کے مصرعوں سے صحیح شعر مکمل کیجیے :

(1) ابرِ غم زلفِ جہاں پر بال جُنبا ہے تو کیا

(2) آج اپنا خون پانی سے بھی ارزاں ہے تو کیا

(3) آج یوسف مبتلائے چاہِ کنعاں ہے تو کیا

(4) آج اگر نامہربانی میر ساماں ہے تو کیا

64. ''ساون میں دیا پھر مہ شوال دکھائی'' اس قصیدے میں ممدوح کون ہے ؟

(1) بہادر شاہ ظفر (2) مرزا فخرو (3) اکبر شاہ ثانی (4) سلیمان شکوہ

65. بلغان خاتون کا ذکر کس ناول میں ہے ؟

(1) آگ کا دریا (2) فسانۂ آزاد (3) معرکۂ کربلا (4) فردوسِ بریں

66. مثنوی قطب مشتری میں عطارد کا دلچسپ مشغلہ کیا ہے ؟

(1) شاعری کرنا (2) عورتوں کی تصویریں جمع کرنا (3) قسمت بتانا (4) علاج کرنا

67. انشا کہاں پیدا ہوئے ؟

(1) فیض آباد (2) لکھنؤ (3) مرشد آباد (4) کانپور

68. نقل کی نقل کا نظریہ کس نے پیش کیا ؟

(1) سموئل جانسن (2) ارسطو (3) افلاطون (4) ڈرائیڈن

69. بھرت منی نے رس کی کتنی قسمیں بتائی ہیں ؟

(1) آٹھ (2) دس (3) بارہ (4) چار

70. ''موازنۂ انیس و دبیر'' میں بلاغت کی جزئیات کے ضمن میں کتنی مثالیں پیش کی گئی ہیں ؟

(1) اٹھارہ (2) تیرہ (3) بارہ (4) چودہ

Prepp Your Personal Exam Guide

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide

71. سعادت حسن منٹو کے افسانوی مجموعوں کے متعلق بیانات درج ہیں۔ انھیں غور سے پڑھیے اور صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے :

(الف) دھواں، نمرود کی خدائی، جنازے، گلاب کا پھول

(ب) کالی شلوار، چغد، رتی ماشہ تولہ، سڑک کے درمیان

(ج) شیطان، نیلی رگیں، لذت سنگ، نئے غلام

(د) بادشاہت کا خاتمہ، آتش پارے، ٹھنڈا گوشت، شکاری عورتیں

زمرہ :

(1) الف، ب، ج، د (2) الف، ج، د (3) ب، ج، د (4) الف، د

72. پھر مجھے دیدۂ تر یاد آیا
دل جگر تشنۂ فریاد آیا

اس شعر کی کیا خاص بات ہے ؟

(1) قافیہ اور ردیف کا مدغم ہونا (2) امیجری کا ہونا
(3) صنعتِ مراعات النظیر کا ہونا (4) دوسرے مصرعے میں قافیہ کا نہ ہونا

73. ''غزل میں ردیف جھانجھن کا حکم رکھتی ہے۔'' یہ بیان کس کا ہے ؟

(1) شمس الرحمٰن فاروقی (2) مسعود حسین خان (3) فراق گورکھپوری (4) مسعود حسن رضوی ادیب

74. ''جس بحر میں کوئی اسم یا لفظ نہ آسکے، اس کی تدبیر خاقانی اور فردوسی سے بھی نہ ہوگی۔ میں کیا کروں گا! تمہارا نام آسکتا ہے لیکن الف دبتا رہتا ہے۔ خدا کے واسطے اس کی تدبیر سرور صاحب سے پوچھنا۔'' یہ عبارت کس کی ہے ؟

(1) محمد حسین آزاد (2) مولانا حالی (3) غالب (4) شبلی

75. خسرو انجم کے آیا صرف میں شب کو تھا گنجینۂ گوہر کھلا
ہیں کواکب کچھ، نظر آتے ہیں کچھ دیتے ہیں دھوکہ یہ بازیگر کھلا

درج بالا اشعار کس صنف شاعری کے ہیں ؟

(1) مثنوی (2) قصیدہ (3) مرثیہ (4) رباعی

Space For Rough Work